# احبابِ جماعت کے نام

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،

جمعیت اہلحدیث پاکستان کا ترجمان، مسلک اہلحدیث کا داعی اور آپ کا محبوب ہفت روزہ "الاسلام" تقریباً گیارہ سال سے باقاعدگی کے ساتھ حضرت الامیر المرکزیہ شیخ الحدیث مولانا محمد عبداللہ صاحب مدظلہ العالی کی سرپرستی میں نہ صرف شائع ہو رہا ہے بلکہ مسلک اہلحدیث، جماعت اہلحدیث اور مکرِ محدثین کی ترجمانی اور تبلیغ کے فرائض نہایت خوش اسلوبی سے سرانجام دے رہا ہے۔ اس کے متنوع مضامین، اس کے جاندار تبصرے، تحقیقی مقالات، عالمانہ درس قرآن و حدیث، مدلل فتوے اور جماعتی سرگرمیاں ہر ہفتہ کے بعد قارئین کرام کے مطالعہ میں آتے ہیں۔ بحمداللہ آپ جمعیت کے پرانے معاون، مخلص، بہی خواہ اور حساس فرد ہیں عصر حاضر میں کسی جماعت کی ترقی و عروج، اور فروغ و استحکام میں اخبارات و جرائد کو جو مقام اور اہمیت حاصل ہے وہ محتاجِ بیان نہیں۔ زندہ جماعتیں اور زندہ قومیں ہمیشہ اپنے ترجمان جرائد کو نہ صرف زندہ اور باقی رکھتی ہیں بلکہ انہیں اقتصادی طور پر اپنے پاؤں پر کھڑا کرتی ہیں۔ الاسلام بھی آپ کا جماعتی نقیب، آپ کے مسلک کا داعی اور تحریک عمل بالحدیث کا ترجمان ہے۔ ادارہ الاسلام آپ سے بجا طور پر یہ توقع رکھتا ہے کہ نہ صرف خود آپ اس کی سرپرستی فرمائیں گے بلکہ اپنے وسیع حلقۂ اثر میں اس کی زیادہ سے زیادہ اشاعت فرمائیں گے اس صورت میں جماعت کی آواز مزید مؤثر ثابت ہو سکتی ہے۔

مدیر اعلیٰ ہفت روزہ الاسلام

۳۵۔ شاہ جمال کالونی لاہور نمبر ۱۶ فون نمبر ۴۱۰۷۴۶